تھامی نام کا مطلب اور تھامی نام رکھنا کیسا ہے ؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

سوال

”تِہَامِی “نام رکھنا کیسا ؟کیا یہ پیارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب ہے ؟

جواب

بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

”تِہَامِی “(تاء کے نیچے زیر کے ساتھ)تہامہ کی طرف نسبت ہے اور تہامہ مکہ مکرمہ کے ناموں میں سے ایک نام ہے ۔ یہ لفظ 'التہم ' سے بنا ہے جس کا معنی شدید گرمی اور ہوا کا رک جانا ہے ۔مکہ مکرمہ کے موسم کو چونکہ اس کے لغوی معنی سے مناسبت تھی ،لہذا مکہ مکرمہ کا ایک نام تہامہ ہوگیا ۔ نیز نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کا تعلق پیدائش کے اعتبار سے چونکہ مکہ مکرمہ سے تھا ،لہذا اس کی طرف نسبت کر کے آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم کے صفاتی ناموں میں سے ایک نام "تہامی" بھی ہے؛لہٰذا یہ نام رکھنا جائزہونے کے ساتھ ساتھ بابرکت بھی ہے ۔

وَاللہُ اَعۡلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوۡلُہ اَعۡلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیۡہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب : مولانا محمد ماجد رضا عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-888

تاریخ اجراء : 12رمضان المبارک1444ھ/03اپریل2023ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net